عُمرہ کا آسان طریقہ

حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی مدظلہم

ناشر

مکتبۃ الاسلام کراچی

www.sukkurvi.com

عمرہ کا آسان طریقہ



www.sukkurvi.com

عمرہ کا آسان طریقہ

قدم بقدم

عُمرہ کا آسان طریقہ

۲

www.sukkurvi.com



عُمرہ کا
آسان طریقہ

۳

عُمرہ کا آسان طریقہ

قدم بقدم

پڑھتے جائیں، کرتے جائیں

حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی صاحب مدظلہم
مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی

مکتبۃ الاسلام کراچی

www.sukkurvi.com

حقوق طبع محفوظ

باہتمام : شاہد محمود

ناشر : مکتبۃ الاسلام کراچی

کورنگی، انڈسٹریل ایریا کراچی

موبائل : 0300-8245793

ای میل : shahidflour68@gmail.com

www.sukkurvi.com

ملنے کا پتہ

ادارۃ المعارف کراچی

احاطہ جامعہ دارالعلوم کراچی

موبائل : 0300- 2831960

فون : 021- 35123161 ، 021- 35032020

ای میل : imaarif@live.com

عُمرہ کا آسان طریقہ

۵

عُمرہ کا طریقہ

قدم بقدم

پڑھتے جائیں، کرتے جائیں

www.sukkurvi.com

اشارات

سرخ رنگ فرض کی علامت ہے، جس کا انجام دینا ضروری ہے، ورنہ عمرہ ادا نہ ہوگا۔

پیلا رنگ واجب کی علامت ہے، جس کا ادا کرنا لازم ہے، ورنہ دَم واجب ہوگا۔

سبز رنگ سنت اور مستحب ہونے کی علامت ہے، جسے ادا کرنے کی کوشش کرنا چاہیے، اگر رہ جائے تو دَم وغیرہ واجب نہیں۔

سفید رنگ ایک عام علامت ہے، جس میں عمل کا کوئی خاص درجہ بتانا مقصود نہیں۔

www.sukkurvi.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عُمرہ کا طریقہ

عُمرہ کا آسان طریقہ نامی کتاب چند بار پڑھ لیں، اس کا تفصیلی مطالعہ کرنے کے بعد ذیل میں اس کا خلاصہ لکھا جا رہا ہے، آنیوالے اشاروں کی مدد سے ان شاء اللہ تعالیٰ آپ سنّت کے مطابق بہت آسانی سے عمرہ ادا کر سکیں گے، اگر کسی جگہ اشارہ سمجھ میں نہ آئے تو اس کی تفصیل **عُمرہ کا آسان طریقہ** میں دیکھ لیں۔

عُمرہ کا احرام

احرام کی تیاری سر کے بال سنواریں، خط بنوائیں، مونچھیں کتریں، زیر ناف اور بغل کے بال صاف کریں۔ (غنیۃ)

www.sukkurvi.com

غسل

احرام کی نیت سے غسل کریں، ورنہ وضو کریں۔ (غنیۃ)

احرام کی چادریں

اب مرد حضرات ایک سفید چادر باندھیں، دوسری اوڑھیں (غنیۃ) اور جوتے اتار کر ہوائی چپل پہنیں، خواتین سلے ہوئے کپڑے اور جوتے بدستور پہنی رہیں۔ (حیات)

نفل نماز

سر ڈھک کر دو رکعت نفل ادا کریں۔ (حیات)

مشورہ

ہوائی جہاز سے جانے کی صورت میں ہوائی جہاز میں اِحرام باندھنا زیادہ مناسب ہے، لہٰذا نیت

www.sukurvi.com

اور تلبیہ کے سوا باقی کام گھر یا ایئرپورٹ پر کریں اور جب ہوائی جہاز فضا میں بلند ہو جائے، اس وقت نیت اور تلبیہ پڑھیں۔

نیت

اب اپنا سر کھولیں اور نیت کریں۔ (تنبیہ) خواتین چہرہ سے کپڑا ہٹائیں اور عمرہ کی نیت کریں، عمرہ کی نیت یہ ہے:

"اے اللہ! میں آپ کی رضا کے لئے عمرہ کا ارادہ کرتا ہوں، آپ اس کو میرے لئے آسان کر دیجئے اور قبول کر لیجئے"!

تلبیہ

نیت کرتے ہی تین بار لبیک کہیں:

www.sukkurvi.com

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ، لَبَّیْکَ
لَاشَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ، اِنَّ
الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَ
الْمُلْکَ ط لَاشَرِیْکَ لَکَ ۝

دعا

اس کے بعد درود شریف پڑھ کر یہ دعا مانگیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ رِضَاکَ وَالْجَنَّۃَ
وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ سَخَطِکَ وَالنَّارِ.

ترجمہ:

''اے اللہ! میں آپ کی رضا اور جنت مانگتا ہوں اور آپ کی ناراضگی اور دوزخ سے پناہ مانگتا ہوں''،

اور اس موقع پر سرکارِ دو عالم ﷺ نے

www.sukkurvi.com

جو جو دعائیں مانگیں یا بتلائی ہیں وہ بھی مانگتا ہوں، وہ سب میری طرف سے قبول کر لیجئے!

احرام کی پابندیاں

نیت اور تلبیہ پڑھتے ہی احرام کی پابندیاں شروع ہو جائیں گی، ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

احرام کی پابندیاں

نیت اور تلبیہ پڑھتے ہی اِحرام کی پابندیاں شروع ہو جائیں گی۔ مرد حضرات اپنا سر اور چہرہ اور خواتین صرف چہرہ سوتے جاگتے، چلتے پھرتے، ہر وقت کھلا رکھیں، کسی وقت بھی ان کے اوپر کپڑا نہ لگنے دیں اور نہ کپڑے سے ڈھانکیں۔

www.sukkurvi.com

خواتین نامحرم مردوں سے پردہ کرنے کے لئے سر پر ایسا ہیٹ پہن لیں جس کے گتّے پر نقاب سلی ہوئی ہو جس میں چہرہ نہ جھلکے اور اس میں آنکھوں کے سامنے باریک جالی سلی ہوئی ہو تا کہ راستہ نظر آسکے، اس ہیٹ کی ٹوپی پر برقعہ اوڑھیں، برقعہ کی نقاب پیچھے کریں اور باقی جسم برقعہ سے ڈھانپیں ،اور چہرہ کے سامنے ہیٹ کی نقاب بھی چہرہ سے دور رہے گی۔

اِحرام باندھنے کے بعد بعض چیزیں ممنوع ہو جاتی ہیں، بعض مکروہ اور بعض جائز، اس کی تفصیل ''معلم الحجاج'' اور ''عمدۃ المناسک'' میں ہے، یہاں بقدرِ ضرورت ان کا خلاصہ تحریر کیا جاتا ہے۔اس کا بار بار توجہ سے مطالعہ کریں تا کہ غلطی نہ ہونے پائے۔

ممنوع باتیں

اِحرام کی حالت میں درج ذیل امور کا ارتکاب

www.sukkurvi.com

ممنوع ہے، ان کے کرنے سے گناہ بھی ہوتا ہے اور جرمانہ بھی واجب ہوتا ہے، چنانچہ بعض صورتوں میں دَم واجب ہوتا ہے یعنی قربانی واجب ہوتی ہے، اور بعض صورتوں میں صدقہ واجب ہوتا ہے، اور بعض صورتوں میں صرف گناہ ہوتا ہے، دم وغیرہ واجب نہیں ہوتا، اگر ایسی غلطی ہوجائے تو اہلِ فتویٰ علماء کرام سے اس کا حکم دریافت کر کے عمل کریں یا معتبر کتابوں میں دیکھیں۔

یاد رہے ان امور کا کرنا گناہ تو ہے ہی اس سے انسان کا حج وعمرہ بھی ناقص ہوجاتا ہے، اس لئے ممنوعاتِ احرام سے بچنے کا خاص اہتمام کرنا چاہیے۔

☆...... اِحرام کی حالت میں مرد حضرات کو سلے ہوئے کپڑے پہننا منع ہے، ایسا جوتا پہننا بھی منع ہے جس میں پیر کے پُشت کی درمیانی ابھری ہوئی ہڈی اور ٹخنہ کی ہڈی چھپ جائے، البتہ خواتین سلے ہوئے

www.sukkurvi.com

کپڑے پہنی رہیں اور انہیں ہر قسم کا جوتا استعمال کرنا بھی درست ہے۔

☆...... اِحرام کی حالت میں مرد حضرات کو سر اور چہرہ سے اور خواتین کو صرف چہرہ سے کپڑا لگانا اور ان کو کپڑے سے ڈھانکنا منع ہے۔ سوتے جاگتے ہر وقت ان کو کھلا رکھیں۔

☆...... اِحرام کی حالت میں جانگیہ پہننا جائز نہیں۔ نیز سر و چہرہ پر پٹی باندھنا بھی درست نہیں۔

☆...... خوشبودار سُرمہ لگانا منع ہے، البتہ بغیر خوشبو کا سرمہ لگانا جائز ہے لیکن نہ لگانا اس کا بھی افضل ہے۔ (حیات)

خوشبودار صابن

اِحرام کی حالت میں خوشبودار صابن استعمال

www.sukkurvi.com

کرنا منع ہے، اگر کسی نے استعمال کرلیا تو اس کی جزاء میں یہ تفصیل ہے کہ:

☆ ...... اگر خوشبودار صابن جسم کے اندر خوشبو مہکانے کی غرض سے استعمال کیا، خواہ پورے بدن پر استعمال کیا یا کسی ایک بڑے عضو پر جیسے سر یا چہرہ پر یا کسی بڑے عضو کے تھوڑے حصہ پر یا کسی چھوٹے عضو پر جیسے ناک یا کان پر تو دَم واجب ہے۔

☆ ...... اور خوشبودار صابن جسم میں خوشبو مہکانے کی نیت سے استعمال نہیں کیا بلکہ جسم کے کسی عضو سے میل کچیل دور کرنے کے لئے استعمال کیا تو صدقۂ فطر کے برابر صدقہ واجب ہے۔

☆ ...... البتہ بغیر خوشبو کا صابن اِحرام کی حالت میں استعمال کرنا جائز ہے، لیکن اِحرام کی حالت

www.sukkurvi.com

میں جسم کا میل کچیل دور کرنے کے لئے ایسا صابن بھی استعمال نہ کرنا چاہئے۔ کیونکہ احرام کی حالت میں جسم کا میل کچیل دور کرنا منع ہے۔

(ماخذہ فتاویٰ دارالعلوم کراچی: ص ۷۶_۷۵)

حجرِ اسود کی خوشبو

☆......حجرِ اسود اور رکنِ یمانی پر اکثر خوشبو لگی ہوئی ہوتی ہے اس لئے جو خواتین و حضرات اِحرام کی حالت میں ہوں وہ حجرِ اسود کو نہ ہاتھ لگائیں اور نہ اس کا بوسہ لیں، بلکہ اِستِلام کا اشارہ کرنے پر اکتفا کریں۔ اسی طرح رکن یمانی پر ہاتھ نہ لگائیں، بغیر ہاتھ لگائے گزر جائیں۔

☆......اگر کسی نے احرام کی حالت میں حجرِ اسود کا بوسہ لیا یا رُکنِ یمانی پر ہاتھ لگایا جس کی وجہ

www.sukkurvi.com

سے منہ یا ہاتھ پر خوشبو لگ گئی تو زیادہ خوشبو لگنے میں دَم واجب ہے اور معمولی خوشبو لگنے میں صدقۂ فطر کے برابر گندم صدقہ کرنا واجب ہے (یعنی پونے دو کلو گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرنا)۔ (غنیۃ)

☆ ...... جسم یا کپڑوں پر کسی بھی قسم کی خوشبو لگانا، سر یا جسم پر خوشبودار تیل لگانا یا خالص زیتون یا تِل کا تیل لگانا منع ہے، البتہ ان تیلوں کے سوا بغیر خوشبو کے دیگر تیل لگانے جائز ہیں۔

☆ ...... سر اور جسم کے کسی حصہ کے بال کاٹنا یا کٹوانا اور ناخن کترنا منع ہے۔

☆ ...... اپنے سر یا جسم یا اپنے کپڑے کی جوں مارنا، یا جوں مارنے کے لئے کپڑے کو دھوپ میں ڈالنا منع ہے۔

www.sukkurvi.com

☆...... بیوی سے ہمبستری کرنا یا ہمبستری کی باتیں کرنا، یا شہوت سے بوس وکنار کرنا یا شہوت سے چھونا منع ہے۔

☆...... اِحرام کی حالت میں ہر قسم کے گناہوں سے بطورِ خاص بچنا۔ جیسے غیبت کرنا، چغلی کرنا، فضول باتیں کرنا، بے فائدہ کام کرنا، بے جا مذاق کرنا، کسی کو ناحق ذلیل ورسوا کرنا، حسد کرنا اور خاص کر خواتین کا بے پردہ رہنا، یہ سب باتیں بغیر اِحرام کے بھی ناجائز ہیں اور اِحرام کی حالت میں خاص طور پر ناجائز اور گناہ ہیں۔

☆...... حالت اِحرام میں لڑائی جھگڑا کرنا یا بے جا غصہ کرنا بڑا گناہ ہے، اس سے بطور خاص بچنا چاہئے

www.sukkurvi.com

بعض حجاج اس گناہ میں بہت مبتلا نظر آتے ہیں۔

مکروہ باتیں

اِحرام باندھنے کے بعد درجِ ذیل امور کا ارتکاب مکروہ اور گناہ ہے، اُن سے بچنے کا اہتمام کرنا چاہئے اگر غلطی سے ارتکاب ہو جائے تو توبہ واستغفار کرنا چاہئے، لیکن اُن میں کوئی دَم وغیرہ واجب نہیں۔

☆ ...... لونگ، الائچی اور خوشبودار تمباکو ڈال کر پان کھانا مکروہ ہے، لیکن سادہ پان کھانا جائز ہے۔

☆ ...... جسم سے میل دور کرنا اور جسم کو بغیر خوشبو کے صابن سے دھونا مکروہ ہے۔

☆ ...... سر اور داڑھی کے بالوں میں کنگھا کرنا بھی مکروہ ہے۔

www.sukkurvi.com

☆......اگر بال ٹوٹنے یا اکھڑنے کا خطرہ ہو تو سر کھجلانا بھی مکروہ ہے، ہاں آہستہ کھجلانا کہ بال اور جوں نہ گرے، جائز ہے۔

☆...... اگر اِحرام کی چادریں تبدیل کرنی ہوں یا خواتین کو کپڑے بدلنا ہوں تو ان میں کسی قسم کی خوشبو بسی ہوئی نہ ہونی چاہیے۔

☆......خوشبودار میوہ اور خوشبودار گھاس قصداً سونگھنا اور چھونا مکروہ ہے، اور خوشبو کو چھونا جبکہ خوشبو نہ لگے اور قصداً خوشبو سونگھنا بھی مکروہ ہے، البتہ اگر بلا ارادہ ناک میں خوشبو آجائے تو کوئی حرج نہیں۔

☆......خوشبودار پھول سونگھنا یا ان کا ہار گلے میں ڈالنا مکروہ اور منع ہے۔ (عمدہ)

☆......خوشبودار کھانا بغیر پکا ہوا مکروہ ہے،

www.sukkurvi.com

البتہ پکا ہوا خوشبودار کھانا مکروہ نہیں۔

☆ ...... اوندھا ہو کر منہ کے بل لیٹ کر تکیہ پر پیشانی رکھنا مکروہ ہے، البتہ سر یا رخسارہ تکیہ پر رکھنا مکروہ نہیں، جائز ہے۔

☆ ...... کپڑے یا تولیہ سے منہ پونچھنا مکروہ ہے، لہٰذا ہاتھ سے چہرہ صاف کریں، کپڑا استعمال نہ کریں، اسی طرح کعبہ کے پردے کے نیچے اس طرح کھڑے ہونا کہ پردہ منہ کو لگے مکروہ ہے اور اگر سر اور چہرہ کو پردہ نہ لگے تو جائز ہے۔

☆ ...... اِحرام کے تہبند کے دونوں پلّوؤں کو آگے سے سینا مکروہ ہے۔ اسی طرح اس میں گرہ لگانا یا پن لگانا یا دھاگہ وغیرہ سے باندھنا بھی مکروہ ہے، تاہم اگر کسی نے ستر کی حفاظت کے لئے ایسا کیا تو دَم یا

www.sukkur.com

صدقہ واجب نہ ہوگا۔ (حیات)

☆...... سر اور چہرے کے سوا جسم کے دیگر اعضاء پر بلا عذر پٹی باندھنا مکروہ ہے اور عذر میں مکروہ نہیں، اور سر اور چہرے پر پٹی وغیرہ باندھنا درست نہیں، خواہ عذر ہو یا نہ ہو۔ (حیات)

جائز باتیں

اِحرام کی حالت میں درج ذیل امور بلا کراہت جائز ہیں۔

☆...... ٹھنڈک حاصل کرنے یا تازگی حاصل کرنے یا گرد وغبار دور کرنے لئے خالص پانی سے ٹھنڈا ہو یا گرم غسل کرنا جائز ہے، لیکن جسم سے میل دور نہ کریں۔

☆...... انگوٹھی پہننا، چشمہ لگانا، چھتری

www.sukkurvi.com

استعمال کرنا، آئینہ دیکھنا، مسواک کرنا، دانت اکھاڑنا، ٹوٹے ہوئے ناخن کاٹنا درست ہے۔

☆ ...... دستانے پہننا جائز ہے مگر نہ پہننا اَولیٰ ہے، اسی طرح خواتین کو زیورات پہننا جائز ہے مگر نہ پہننا اچھا ہے۔ (عمدہ)

☆ ...... بلا خوشبو کا سُرمہ لگانا اور زخمی اعضا پر پٹی باندھنا جائز ہے، لیکن زخمی سر اور چہرہ پر پٹی باندھنا درست نہیں۔ لیکن (بغیر خوشبو کی) دوا لگانا جائز ہے۔

☆ ...... سر یا رخسار تکیہ پر رکھنا، اپنا یا دوسرے کا ہاتھ منہ یا ناک پر رکھنا۔

☆ ...... زخم یا ورم پر بغیر خوشبو والا تیل لگانا۔

☆ ...... موذی جانوروں کو مارنا، چاہے وہ حَرم ہی میں ہوں، جیسے سانپ، بچھو، مکھی، مچھر، بھڑ، تتیا اور

www.sukurvi.com

کھٹل وغیرہ۔

☆...... اِحرام کے تہبند میں روپیہ یا گھڑی وغیرہ رکھنے کے لئے جیب لگانا جائز ہے۔

☆...... پیٹی یا ہمیانی لنگی کے اوپر یا نیچے باندھنا جائز ہے اور قطرہ یا ہرنیا کی بیماری میں لنگوٹ یا پیمپر کس کر باندھنا جائز ہے، لیکن جانگیہ پہننا جائز نہیں۔

ٹشو پیپر کا استعمال

اِحرام کی حالت میں ناک یا منہ یا چہرہ کا پسینہ صاف کرنے کے لئے ٹشو پیپر استعمال کرنے کی گنجائش ہے اس کی وجہ سے کوئی دم وغیرہ واجب نہیں ہوگا (لیکن خوشبودار ٹشو پیپر سے بچنا لازم ہے)۔

(ماخذہ فتاویٰ دار العلوم کراچی)

www.sukkurvi.com

بال ٹوٹنے کا مسئلہ

اِحرام کے بعد تقریباً ہر حاجی مرد وعورت کو بال ٹوٹنے کا مسئلہ پیش آتا ہے، اس لئے یہ مسئلہ خاص طور پر یاد رکھنا چاہئے۔ یہاں اس کی قدرے تفصیل لکھی جارہی ہے۔

خود بخود بال ٹوٹنا

اگر سر یا داڑھی یا جسم کے کسی بھی حصہ کے بال خود بخود ٹوٹیں اور گریں تو کچھ واجب نہیں ہے۔

(عمدۃ المناسک)

وضو سے بال گرنا

اِحرام کی حالت میں وضو وغسل احتیاط سے کریں، جسم کو زیادہ نہ رگڑیں، سر اور داڑھی کو زیادہ نہ

www.sukkurvi.com

مَلیں ، خلال بھی نہ کریں تا کہ بال نہ ٹوٹیں تاہم اگر وضو و غسل کی وجہ سے سر یا داڑھی کے بال ٹوٹ جائیں تو ایک یا دو بال ٹوٹنے میں کچھ واجب نہیں۔

☆......اگر تین بال گریں تو ایک مٹھی گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرنا واجب ہے۔

☆......اگر تین بال سے زیادہ اور چوتھائی سر یا چوتھائی داڑھی سے کم بال گریں تو پونے دو کلو گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرنا واجب ہے۔ (غنیۃ)

☆......اگر چوتھائی سر اور چوتھائی داڑھی کے یا پورے سر یا پوری داڑھی کے بال ٹوٹ جائیں یا کاٹ لئے جائیں تو دَم واجب ہوگا۔ (عمدہ)

کھجانے سے بال ٹوٹنا

اگر سر یا داڑھی کو کھجانے یا ویسے ہی جان بوجھ

www.sukkurvi.com

کر ایک دو بال یا تین بال توڑیں تو ہر بال کے بدلہ روٹی کا ایک ٹکڑا یا اس کی قیمت صدقہ کرنا واجب ہے۔

اگر تین سے زیادہ اور چوتھائی سر یا داڑھی کے بالوں سے کم کم بال ٹوٹیں یا کاٹیں تو پونے دو کلو گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرنا واجب ہے۔

اگر چوتھائی سر یا داڑھی کے بال توڑ لئے یا کتر لئے یا مونڈ لئے تو دَم واجب ہے۔ (عمدہ)

مونچھ کا مسئلہ

احرام کی حالت میں اگر کسی نے اپنی ساری مونچھ یا اس کا کچھ حصہ مونڈ لیا یا اس کو کترواکر باریک کر لیا تو پونے دو کلو گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرنا واجب ہے۔ (عمدہ بتصرف)

www.sukkurvi.com

مکہ معظمہ کا سفر

سوئے حرم

جب حرم کی طرف یہ مبارک سفر شروع ہو جائے تو دورانِ سفر بکثرت تلبیہ پڑھتے رہیں۔ (حیات وغیرہ)

مکہ معظمہ

ذوق وشوق سے تلبیہ پڑھتے ہوئے اور دعا کرتے ہوئے مکہ معظمہ میں داخل ہوں۔

حرم شریف میں حاضری

جب مسجدِ حرام میں داخل ہوں تو دل سے پورے ادب کے ساتھ پہلے دایاں قدم رکھیں اور یہ دعا کریں:

بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ. رَبِّ اغْفِرْلِىْ ذُنُوْبِىْ وَافْتَحْ لِىْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ.

www.sukkurvi.com

اعتکاف کی نیت کریں، اور بغیر کسی کو تکلیف دیئے آگے بڑھیں۔ (غنیۃ)

پہلی نظر

جب بیت اللہ پر نظر پڑے تو راستے سے ہٹ کر ایک طرف کھڑے ہوں اور یہ کام کریں:

(۱) اَللّٰہُ اَکْبَرُ تین مرتبہ کہیں۔

(۲) لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ تین مرتبہ کہیں۔

(۳) دونوں ہاتھ دعا کے لئے اٹھائیں اور درود شریف پڑھ کر خوب دعا مانگیں، یہ دعا کی قبولیت کا خاص وقت ہے۔ (غنیۃ)

www.sunkurvi.com

طواف

اِضطِباع

چادر کو داہنی بغل سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈالیں اور بایاں کندھا کھلا رہنے دیں۔ اور طواف باوضو ضروری ہے۔

طواف کی نیت

اب خانۂ کعبہ کے سامنے جس طرف حجرِ اسود ہے اس طرح کھڑے ہوں کہ پورا حجرِ اسود آپ کے داہنی طرف رہ جائے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے حجرِ اسود کے کونہ اور سبز رنگ کی لائٹ سے مدد لے سکتے ہیں، پھر بغیر ہاتھ اٹھائے طواف کی نیت کریں۔

www.sukkurvi.com

"اے اللہ میں آپ کی رضا کے لئے عمرہ کا طواف کرتا ہوں آپ اس کو میرے لئے آسان کر دیجئے اور قبول کر لیجئے!" (حیات)۔

استقبال

پھر قبلہ رو ہی دائیں طرف کھسک کر بالکل حَجَرِ اَسْوَد کے سامنے آئیں اور دونوں ہاتھ اپنے کانوں تک اٹھائیں اور ہتھیلیوں کا رُخ حَجَرِ اَسْوَد کی طرف کریں اور کہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ

اور دونوں ہاتھ چھوڑ دیں (حیات)۔

اِستِلام

پھر اِستِلام کریں یا اِستِلام کا اشارہ

www.stkuryi.com

کریں اور یہ پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ

اور دونوں ہتھیلیاں چوم لیں (غنیہ)۔

طواف شروع

اِسْتِلَامْ کے بعد دائیں طرف مُڑ کر طواف شروع کریں۔

ھدایت

حَجَرِ اَسْود، رُکنِ یَمانی اور مُلْتَزَم پر اکثر خوشبو لگی ہوتی ہے اس لئے حالتِ اِحرام میں ان کو ہاتھ نہ لگائیں ذرا دور ہی رہیں ورنہ دَم وغیرہ کا خطرہ ہے۔

تاکید

حَجَرِ اَسْوَد کے اِسْتِلام یا اشارہ کے سوا دورانِ طواف خانہ کعبہ کی طرف سینہ

www.sukkurvi.com

یا پشت کرنا جائز نہیں ہے، اس کا
خصوصی خیال رکھیں۔

رمل

اور اکڑ کر شانے ہلاتے ہوئے قریب
قریب قدم رکھ کر قدرے تیزی سے
چلیں اور صرف پہلے تین چکروں میں
اس طرح چلیں، باقی چکروں میں
حسبِ معمول چلیں گے (حیات)۔
خواتین رمل نہیں کریں گی۔

رُکنِ یمانی

چلتے ہوئے جب رُکنِ یمانی پر آئیں
اور اس پر خوشبو نہ ہو تو اس پر دونوں
ہاتھ یا داہنا ہاتھ لگائیں اور دعا
کرتے ہوئے حجرِ اسود کے سامنے
پہنچ جائیں۔ (حیات)

www.sukkurji.com

استلام یا اشارہ
اگر بآسانی ممکن ہو تو حَجَرِ اَسْوَد کا اِسْتِلام کریں ورنہ اشارہ کریں (حیات)۔

طواف ختم
سات چکر پورے ہونے پر آٹھویں بار حَجَرِ اَسْوَد کا اِسْتِلام یا اس کا اشارہ کرکے طَوَاف ختم کریں (حیات)۔

اِضطِباع موقوف
اب دونوں کاندھیں ڈھک لیں (عامۂ کتب)۔

مُلتزم پر جانا
مُلْتَزَم پر آجائیں اور اس سے چمٹ کر اور خوب گڑگڑا کر دعا کریں۔
(حیات) بشرطیکہ اس پر خوشبو نہ لگی ہو۔
ورنہ دور کھڑے ہو کر دعا کریں۔

مقامِ ابراہیم
اب مقام ابراہیم کے پیچھے بغیر ڈھکے دو رکعت واجب طواف ادا کریں اور

www.sukkurvi.com

دعا کریں۔ (حیات) اگر وہاں جگہ نہ ملے تو مسجد الحرام میں جہاں سہولت ہو وہاں یہ نماز ادا کرلیں۔

زم زم پینا

زم زم پئیں اور دعا کریں:

"اے اللہ! میں آپ سے نفع دینے والا علم، کشادہ روزی اور ہر بیماری سے شفاء مانگتا ہوں"۔ (معلم الحجاج)

سَعِیْ

نواں استلام

اب سَعی کرنے کے لئے حَجرِ اَسوَد کا اِستِلام یا اشارہ کریں اور صَفا کی طرف روانہ ہوجائیں اور سَعی باوضو سنت ہے۔ (حیات)

www.sukurvi.com

صفا سے سعی کا آغاز صفا پر قبلہ رو ہو کر سعی کی نیت کریں:
"اے اللہ! میں آپ کی رضا کے لئے
صَفا و مَرْوَہ کے درمیان سَعی کرتا ہوں
اس کو میرے واسطے آسان کر دیجئے
اور قبول فرما لیجئے"!۔ (حیات) اور حمد و
ثناء کے بعد دعا کریں!

مروہ کی طرف روانگی صفا سے اتر کر مَرْوَہ کی طرف چلیں،
جب سبز لائٹوں کے قریب پہنچیں تو مرد
حضرات درمیانے انداز سے دوڑیں
اور خواتین نہ دوڑیں لیکن یہ دعا کریں:
رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ اَنْتَ الْاَعَزُّ
الْاَكْرَمُ (معلم الحجاج)

مروہ پر پہنچ کر پھر مَرْوَہ پر پہنچ کر قبلہ رخ ہو کر دعا

www.sukkurvi.com

کریں۔ یہ ایک چکر ہوا (عمدۃ المناسک)

دوسرا صفا پر اور تیسرا چکر مَرْوَہ پر مکمل ہوگا۔

سعی کا اختتام

اس طرح ساتواں چکر مَرْوَہ پر ختم ہوگا، ہر چکر میں مرد حضرات سبز لائٹوں کے درمیان دوڑیں گے لیکن خواتین نہیں دوڑیں گی۔ (عمدۃ المناسک)

نفل شکرانہ

اگر مکروہ وقت نہ ہو تو شکرانہ کے دو نفل حَرَم میں ادا کریں۔ (حیات وغنیۃ)

حلق یا قصر

سَعی کے بعد مرد سارے سر کے بال منڈائیں اور خواتین سارے سر کے بال انگلی کے ایک پورے کی لمبائی سے کچھ زیادہ کتریں۔ (غنیۃ)

اور یہ یقین حاصل کریں کہ کم از کم چوتھائی سر کے بال کتر چکے ہیں۔

مروہ پر جو لوگ قینچی لئے کھڑے رہتے ہیں ان سے سر کے چند بال کتروانا حنفی محرم کے لئے کافی نہیں، لہٰذا اس سے پرہیز کریں ورنہ دم واجب ہونے کا قوی خطرہ ہے۔

عُمرہ مکمل

حلق یا قصر کے بعد عُمرہ مکمل ہوگیا، اِحرام کی پابندیاں ختم ہوگئیں، اب کپڑے پہنیں اور گھر بار کی طرح رہیں، دل و جان سے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں کہ اس نے

www.sukkurvi.com

عُمرہ کی سعادت بخشی اور باقی لمحاتِ زندگی کی قدر کریں اور ان کو اپنے رب کی مرضیات کے مطابق بسر کرنے کی کوشش کریں۔

آئندہ بھی جب عُمرَہ کرنا ہو اس کا یہی طریقہ ہے جو لکھا گیا، مسجدِ عائشہ اور مسجدِ جعرانہ سے اسی طرح بار بار عمرہ کا احرام باندھ کر عمرہ کرنا درست ہے۔

آپ جب بھی عُمرَہ کرنا چاہیں، مذکورہ بالا طریقہ کے مطابق کرلیا کریں، اور صرف طوَاف کرنا چاہیں

www.sukkurvi.com

تو صفحہ ۳۰ ...... سے ۳۵ تک طَوَاف کا جو طریقہ لکھا گیا ہے، اس کے مطابق طَوَاف کریں، البتہ صرف طَوَاف میں احرام، رمل اور اِضطِباع نہیں ہوگا اور سعی بھی نہ ہوگی۔

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا

www.sukkurvi.com

مدینہ طیبہ کی حاضری

قدم بقدم

پڑھتے جائیں، کرتے جائیں

www.sukkurvi.com

مدینہ طیبہ

نیتِ سفرِ مدینہ

جب مدینہ منورہ کا سفر شروع کریں تو اس طرح نیت کریں:

''اے اللہ! میں سرکارِ دو عالم ﷺ کے مزار مبارک کی زیارت کے لئے مدینہ منورہ کا سفر کرتا ہوں، اے اللہ اسے قبول فرمالیجئے''۔ (عمدۃ المناسک)

اہتمامِ سنّت

سفرِ مدینہ میں سنّتوں پر عمل کرنے کا خاص خیال رکھیں۔

درود شریف

اس سفر میں درود شریف بکثرت پڑھیں۔

مدینہ میں

مدینہ طیبہ کی آبادی نظر آنے پر شوق

www.sukkurvi.com

دید زیادہ کریں اور درود وسلام خوب پڑھتے ہوئے عاجزی سے داخل ہوں۔

مسجدِ نبوی

قیام گاہ پر سامان رکھ کر غسل کریں، ورنہ وضو کریں، اچھا لباس پہنیں، خوشبو لگائیں اور ادب واحترام سے درود شریف پڑھتے ہوئے مسجدِ نبوی کی طرف چلیں، ہوسکے تو کچھ نفلی صدقہ دیدیں۔

باب جبرئیل

بابِ جبرَئیل یا بابُ السّلام ورنہ کسی بھی دروازے سے داخل ہوں اور پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

www.sukkurvi.com

آلِ مُحَمَّدٍ وَّصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ اَللّٰھُمَّ
اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ
اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ.

دایاں قدم ادب سے دایاں قدم رکھیں اور نفلی اعتکاف کی نیت کریں۔ (غنیۃ)

نفل نماز اگر مکروہ وقت نہ ہو تو رِیَاضُ الْجَنَّۃ میں مِحْرَابُ النَّبِیْ کے پاس ورنہ کسی بھی جگہ دو رکعت تَحِیَّۃُ الْمَسْجِد پڑھیں اور پھر دل وجان سے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کریں، دعا کریں اور توبہ کریں۔ (حیات)

روضہ مبارک پر حاضری اب انتہائی خشوع وخضوع، ادب و احترام کے ساتھ روضۂ اقدس کی

www.sukkurvi.com

طرف چلیں اور جالیوں کے سامنے
پہلے سوراخ کے آگے چار قدم کے
فاصلے سے کھڑے ہوجائیں، اور
نظریں جھکالیں۔ (حیات)

درود وسلام

اور درمیانی آواز سے اس طرح سلام
عرض کریں:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ
رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ
اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰه
اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ
اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ

دعا

اس کے بعد حضور ﷺ سے شفاعت
کی درخواست کریں، اور ۳ بار کہیں:

www.sukkurvi.com

اَسْئَلُکَ الشَّفَاعَةَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ
اور آپ کے وسیلہ سے دعا کریں،
جس میں حسنِ خاتمہ، اللہ تعالیٰ کی رضا
اور مغفرت بطورِ خاص مانگیں۔ (غنیۃ)

دوسروں کا سلام

اس کے بعد جس عزیز یا دوست کا
سلام کہنا ہو، اس طرح عرض کریں:
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا
رَسُوْلَ اللّٰہِ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَان
فلاں بن فلاں کی جگہ اس عزیز کا نام
مع ولدیت ذکر کریں۔

صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ پر سلام

اس کے بعد دائیں طرف جالیوں میں
دوسرے سوراخ کے سامنے کھڑے
ہو کر اس طرح سلام عرض کریں:

www.sukkurvi.com

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ، جَزَاكَ اللّٰهُ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ خَيْرًا.

عمر فاروق پر سلام

اس کے بعد پھر ذرا دائیں طرف ہٹ کر تیسرے سوراخ کے سامنے کھڑے ہو کر اس طرح سلام عرض کریں:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرُ الْفَارُوْقُ جَزَاكَ اللّٰهُ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ خَيْرًا

دونوں کی خدمت میں

اس کے بعد ذرا بائیں طرف بڑھ کر دونوں حضرات خلفاء کے بیچ میں کہیں:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا وَزِيْرَىْ

www.sukkurvi.com

رَسُوْلِ اللّٰهِ .

جَزَاکُمَا اللّٰهُ اَحْسَنَ الْجَزَاءِ

حضور کی خدمت میں اس کے بعد ذرا بائیں طرف بڑھ کر پہلے سوراخ کے سامنے آجائیں، اور ذوق وشوق سے حضورِ اکرم ﷺ کی خدمت میں درود وسلام پیش کریں، جس کے الفاظ اوپر لکھے گئے ہیں اور پھر اپنے لئے ،اہل و عیال اور والدین وغیرہ کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ (حیات)

دعا اس کے بعد مسجدِ نبوی میں ایسی جگہ چلے جائیں کہ قبلہ رو ہونے میں روضۂ اقدس کی طرف پیٹھ نہ ہو اور

www.sukkurvi.com

اللہ تعالیٰ سے خوب رو رو کر دعا کریں، سلام عرض کرنے کا یہی طریقہ ہے، جب سلام عرض کرنا ہو تو اس طرح عرض کر دیا کریں۔

40 چالیس نمازیں

مرد حضرات مسجدِ نبوی میں چالیس نمازیں ادا کریں، لیکن یہ چالیس نمازوں کی پابندی ضروری نہیں ہے، محض مستحب ہے۔

مسجد قُبا

ہفتے کے دن ورنہ جب موقع ملے مسجد قُبا میں دو رکعت نفل ادا کرلیا کریں، بشرطیکہ مکروہ وقت نہ ہو۔

جنت البقیع

کبھی کبھی جنّتُ البقیع جایا کریں، ایصالِ ثواب، دعاءِ مغفرت اور ان

www.sukkurvi.com

کے وسیلہ سے اپنے لئے دعا مانگ لیا کریں۔

مدینہ سے واپسی

جب مدینہ منورہ سے واپسی ہو تو طریقۂ بالا کے مطابق روضۂ اقدس پر حاضر ہو کر سلام عرض کریں، اس جدائی پر آنسو بہائیں اور دعا کریں اور دوبارہ حاضری کی حسرت کے ساتھ واپس ہوں۔

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ
وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْن

بندہ عبدالرؤف سکھروی عفا اللہ عنہ

خادم دار الافتاء دار العلوم کراچی

۲۰ محرم الحرام ۱۴۳۹ھ

www.sukkurvi.com

سفرِ حج کا ضروری سامان

سفرِ حج میں عموماً درج ذیل اشیاء کی عام حجاج کو ضرور پیش آتی ہے، سہولت کے لئے ان کی فہرست دی جاتی ہے۔

نمبرات	سامانِ ضرورت
۱	ایک عدد بیگ، احرام دو عدد سیٹ
۲	چار پانچ جوڑے موسم کے مطابق
۳	دو جوڑی ہوائی چپل مع تھیلہ
۴	دو عدد لنگی، تیل، کنگھا، سرمہ، چاقو، اور قینچی
۵	ناخن کٹر، مسواک، ازار بندانی، اور ایک سیفٹی
۶	دو تولئے، ایک بڑا، اور ایک چھوٹا
۷	ایک شیشہ، برش اور ٹوتھ پیسٹ

www.sukkurvi.com

۸	چند ضروری برتن اور چمچے، پلیٹ، گلاس ایک عدد
۹	دو بڑی چادریں اور پن کا پتہ
۱۰	اپنے لحاظ سے ضروری ادویہ
۱۱	ایک دھوپ کا چشمہ، ہاتھ کا پنکھا، چھتری
۱۲	دو عدد چشمہ اور کارڈ کی فوٹو کاپی
۱۳	بسکٹ کے پیکٹ، نمکو کی تھیلیاں
۱۴	چھوٹا قرآن کریم، مناجاتِ مقبول، درود وسلام
۱۵	حج کی آسان کتابوں کا سیٹ
۱۶	"عَلَیْکُمْ بِسُنَّتِیْ" عمل کے لئے
۱۷	ہلکی سی تسبیح، سوئی دھاگہ، پانی کی بوتل
۱۸	شناختی کارڈ، پاسپورٹ اور ہوٹل واؤچر کی فوٹو کاپیاں
۱۹	بقدر ضرورت مرچ مصالحہ، لیموں کا چورن یا سفوف
۲۰	خوشبو، ٹین پیک کٹر

www.sukkurvi.com

ضروری ہدایات

بار بار کے تجربہ سے چند باتیں مفید معلوم ہوئیں، یہاں ان کو بھی درج کیا جاتا ہے۔

(۱)......پاسپورٹ کا پہلا دوسرا صفحہ اور ویزے والے صفحہ کی فوٹو کاپی کرالیں، نیز موبائل سے تصویر لے کر ان صفحات کو اپنی ای میل پر محفوظ کرلیں۔

(۲)......گرمی کی شدت میں بلاضرورت دھوپ میں نہ نکلیں۔

(۳)......جب بضرورت نکلیں تو خوب پانی پی کر نکلیں اور چھتری یا تولیہ استعمال کریں۔

(۴)......خواتین بغیر محرم کے تنہا نہ نکلیں، نیز

www.sukkurvi.com

معلم کا کارڈ اپنے ساتھ ضرور رکھیں۔

(۵)......زیادہ نقدی پاس نہ رکھیں، تاہم کچھ نہ کچھ پاس رکھیں۔

(۶)......خواتین حرم میں آنے جانے کے لئے راستہ کے شناخت کی کوئی بڑی علامت اچھی طرح ذہن نشین رکھیں۔

(۷)......حرم میں خواتین و حضرات اپنے بیٹھنے کی ایک جگہ مقرر کرلیں، تاکہ سب سے وہاں ملاقات آسان ہو۔

(۸)......کھانا پکانے کا انتظام شرکت میں نہ کریں، اکثر اس میں نزاع ہو جاتا ہے۔

(۹)......بازار خریداری کے لئے کم سے کم

www.sukkurvi.com

جائیں، حرم کی حاضری اور وہاں کی عبادت کی زیادہ فکر کریں۔

(۱۰)......حج سے پہلے مقاماتِ حج کی زیارت کریں، تاکہ حج میں آسانی رہے۔

(۱۱)......ہر ایک کی خدمت کی نیت کرکے جائیں، اور کسی سے بھی اپنی خدمت کرانے یا کام آنے کی ذرہ برابر بھی امید نہ رکھیں، حتیٰ کہ اولاد اور بیوی سے بھی کوئی امید نہ رکھیں اور اپنا کام خود کریں، کوئی دوسرا کردے تو اس کا احسان سمجھیں۔!

www.sukkurvi.com

اللّٰهُمَّ
صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اللّٰهُمَّ
بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

www.sukkurvi.com

حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی مدظلہم

حج اور عمرہ کا مکمل سیٹ جو ہر حاجی کے لئے آسان
اور مفید ہے لیجئے اور فائدہ اُٹھائیے۔

- حج فرض میں جلدی کیجئے
- آدابِ سفر
- عمرہ کا آسان طریقہ
- حج و عمرہ
- خواتین کا حج
- حج کا طریقہ قدم بہ قدم
- دعاء عرفات
- درود و سلام کا حسین مجموعہ

ناشر مکتبۃ الاسلام کراچی

www.sukkurvi.com